CAREERINDIA

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,
Malleshwaram, Bengaluru – 560 003

2024-25ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ-1
S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER-1 : 2024-25

ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
Subject : Third Language — URDU

www.careerindia.com

ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ : **66-U** — **Subject Code : 66-U**

ಸಮಯ : 3 ಗಂಟೆ] — [Time : 3 Hours

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : **80**] — [Max. Marks : **80**

عام ہدایات :

1. اِس سوالی پرچہ میں 38 سوالات ہیں۔
2. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
3. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دیئے گئے ہیں۔
4. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over]

I. درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے :

8 x 1 = 8

1. وہ نظم جس میں خالقِ کائنات کی ثنا پیش کی جاتی ہے۔

(A) نعت (B) حمد

(C) غزل (D) رباعی

2. غیر مستقل کلمہ کی قسم ہے۔

(A) تخلص (B) لقب

(C) حروفِ تخصیص (D) خطاب

3. وہ حروف جو سبب ظاہر کرتے ہیں۔

(A) حروفِ علّت (B) حروفِ وصل

(C) حروفِ شرط (D) حروفِ تردید

4. ''شعر و شاعری تو ان کی وقت گذاری کا ذریعہ تھا۔'' اس جملے میں حروف تخصیص ہے۔

(A) شعر (B) وقت

(C) ذریعہ (D) تو

5. رنج یا غم کے لئے استعمال ہونے والے حروفِ فجائیہ ہے۔

(A) آہ (B) مرحبا

(C) شاباش (D) یہ کیا

www.careerindia.com

CAREERINDIA

6. مضمون لکھنے والے کو کہتے ہیں۔

(A) مکتوب نگار (B) ڈرامہ نگار

(C) مضمون نگار (D) سوانح نگار

7. غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں۔

(A) مطلع (B) بیت الغزل

(C) مقطع (D) تلمیح

8. لفظ ''ربع'' کے معنی ہیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے : **4 x 1 = 4**

9. بارش : برسات : : صاحب زادی : ....

10. دل بجھ جانا : مایوس ہونا : : پارہ چڑھنا : ....

11. درآمد : برآمد : : دشوار : ....

12. شعر : بیت : : شیر : ....

www.careerindia.com

CAREERINDIA

III. درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **4 x 1 = 4**

13. قلعہ حشام کس کی بے مثال یادگار ہے ؟

14. شیخ حسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟

15. ہمارا مدّعا کیا ہونا چاہیئے ؟

16. اکبر الہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟

IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **8 x 2 = 16**

17. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عرس کب اور کس طرح منایا جاتا ہے ؟

18. شیخ حسین عبداللہ بن علی سینا کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

19. قدیم زمانے میں ''نانواشیا'' کا استعمال کہاں ہوتا تھا ؟

20. سرایم وشویشوریّا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟

21. مولانا محمد علی جوہرؔ نے کن کن مقامات پر ملازمت کی ؟

22. صبح سویرے پرفیسر راہیؔ کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟

23. مشاعرہ میں خطیب صاحب اپنا کلام کس طرح سُناتے تھے ؟

24. حضور اکرم ﷺ جب حرمِ پاک میں پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟

www.careerindia.com

V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **9 x 3 = 27**

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔''

26. ''مجھے ملاقات کے بارے میں اس وقت یاد آیا جب میں نے اپنے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔''

27. ''ہم اپنی ذات کو اپنی اولاد کو اور جان و مال کو وطن پر نثار کر چکے ہیں۔''

28. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) مجتبیٰ حُسین

(ii) وہاب عندلیبؔ

29. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) سید احمد شاکرؔ

(ii) اکبر الہ آبادی

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

30. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے
کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

31. ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں
وہ نظریں نہیں جن کو ہم دیکھتے ہیں

www.careerindia.com

CAREERINDIA

32. یاروں کی محبت کا یقین کر لیا میں نے

پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا

33. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :

Cleanliness is a good habit. We must keep our surroundings clean. Cleanliness is a solution for reducing diseases.

VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **4 x 4 = 16**

34. آپ کی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

35. اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

یا

''نانو پینٹ کی کیا اہمیت ہے ؟ اس کا استعمال کہاں کہاں کیا جاتا ہے ؟ اور کیوں ؟

36. درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

ایک دفعہ خلیفہ ہارون الرشید گھوڑے پر سوار ہو کر کہیں جا رہے تھے۔ راستے میں ایک گوشہ نشین عالم مکرم ابوالحسن علی بن حمزہ سے ملاقات ہوگئی۔ ہارون الرشید احترامًا گھوڑے سے نیچے اُتر آئے اور مصافحہ کرنے کے بعد ان سے دربار میں نہ آنے کی شکایت کی۔ تو انہوں نے جواب دیا۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

''امیرالمومنین میں مطالعہ میں اتنا مصروف رہتا ہوں کہ سر اٹھانے کی فرصت نہیں ملتی۔''

خلیفہ ہارون الرشید نے کہا ! ''پھر اتنے علم کا کیا فائدہ؟ ابوالحسن نے جواب دیا !

''ایک دو فائدے ہوں تو گنواؤں۔ لیکن اس کا یہی فائدہ کیا کم ہے کہ اس کی بدولت امیرالمومنین گھوڑے سے اُتر کر باادب مصافحہ کرنے پر مجبور ہوئے ہیں۔

سوالات :

(i) گھوڑے پر سوار ہو کر کون جا رہے تھے ؟

(ii) راستے میں ہارون الرشید کی ملاقات کن سے ہوئی ؟

(iii) ہارون الرشید نے ابوالحسن سے کیا شکایت کی ؟

(iv) ابوالحسن نے علم کا کیا فائدہ بتایا ؟

37. درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :

(i) انٹرنیٹ کے فوائد اور استعمالات

یا

(ii) سوچ بھارت ابھیان

www.careerindia.com

CAREERINDIA

VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

38. اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں T.C. کی روانگی کی درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

www.careerindia.com